حیسکو پریس ریلیز مورخہ 29.12.2021

# حیسکو چیف نوراحمد سومرو،اور حیسکو پروموشن بورڈ کی ہدایات پر ایڈمن اینڈ ایچ ڈائریکٹر محمد عثمان میمن نے ایک سیکیورٹی سارجنٹ کو سیکیورٹی انسپیکٹر کے عہدے پر ترقی دی ہے۔ محنت، لگن اور بہترین طریقے سے سیکیورٹی کے فرائض انجام دینے پر یہ ملازم کا حق ہے کہ بلکہ انعام ہے۔ محمد عثمان میمن ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ ایچ آر

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر نوراحمد سومرو کے احکامات پر پروموشن بورڈ کی سفارش پر حیسکو ہیڈ آفیس کے سیکیورٹی سارجنٹ عمرالدین جمالی کو ترقی دیکر سیکیورٹی انسپیکٹر BPS-15 دیا گیا ہے، ڈپٹی مینجر ایچ آر/ ٹی ایم پی مختیار احمد میمن کے دستخط سے آرڈ جاری، اس موقع پر مینجر ایڈمن میڈم پشمینہ شیخ اور ڈپٹی مینجر سیکیورٹی/ پبلک ریلیشنز محمد صادق کُبر کی جانب سے انسپیکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے ملازم عمرالدین جمالی کو بیج لگانے کی ایک تقریب منعقد کی گئی، جس میں ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ ایچ آر محمد عثمان میمن نے عمرالدین جمالی کو بیج لگایا اور مبارکباد دی، تقریب میں دیگر افسران مینجر ایچ آر ناصر علی خان، ڈپٹی مینجر سروسز علی خان جمالی، ڈپٹی مینجر سی ایم سیل سعید احمد خان، ڈپٹی مینجر ایچ آر/ ٹی ایم پی مختیار احمد میمن نے بھی بیج لگائے اور مبارکباد دی، اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن محمد عثمان میمن نے کہا کہ ہر ملازم کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کو محنت لگن اور ایمانداری سے اپنے فرائض سرانجام دینے کے بدلے ادارے کی طرف سے ان کی ترقی کی جائے آج عمرالدین کو انسپیکٹر کے عہدے پر گریڈ 15 میں ترقی دی گئی ہے، اس پر ہم مبارکباد دیتے ہیں، اور امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی اپنے فرائض محنت لگن اور ایمانداری سے ادا کرتے رہینگے۔ جبکہ تقریب میں موجود تمام افسران نے ترقی پانے والے سیکیورٹی انسپیکٹر عمرالدین کو مبارکباد دی اور مینجر ایڈمن میڈم پشمینہ شیخ اور ڈپٹی مینجر سیکیورٹی کی جانب سے عمرالدین کو مبارکباد اور پھولوں کا گلدستہ بھی دیا گیا۔ اس موقع پر ترقی پانے والے سیکیورٹی انسپیکٹر عمرالدین جمالی ولد جعفر خان جمالی نے بتایا کہ میری پیدائش گاؤں غلام علی جمالی میں 1965 میں ہوئی، ابتدائی تعلیم گاؤں کے اسکول سے حاصل کی، میٹرک بکھر جمالی ہائی اسکول سے کی، اور انٹرمیڈیٹ سروری اسلامیہ کالج ہالا سے کی، بعد میں پاکستان نیوی میں ملازمت حاصل کی اور وہاں پر 20 سال ایک ماہ نوکری کر کے بطور PT افسر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے، اس دوران انہوں نے غیر ملکی دورے بھی کیئے جس میں قطر، عمان، مسقط، بحرین کے آفیشل دورے شامل ہیں، اور دو مرتبہ عمرہ کی سعادت بھی حاصل کی ہے، پاکستان نیوی سے ریٹائرمنٹ کے بعد 17.10.2002 میں حیسکو میں بطور سیکیورٹی سارجنٹ بھرتی ہوئے اور آج 29.12.2021 کو سیکیورٹی انسپیکٹر کے عہدے پر ترقی حاصل کی ہے جس پر میں تمام افسران کا شکرگذار ہوں اور یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنے فرائض محنت لگن اور ایمانداری سے سرانجام دوں گا، جس سے ادارے کی نیک نامی ہو۔

مورخہ: 29.12.2021



حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو اور حیسکو پروموشن بورڈ کی سفارش پر عمر الدین جمالی کو سیکیورٹی انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دینے پر ایڈمن اینڈ ایچ آر ڈائریکٹر عثمان میمن و دیگر افسران بیج لگا رہے ہیں اور مبارکباد دے رہے ہیں